Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	جلد ۴۳

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۷ شعبان سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	
۲	احکام صاحب چیف منسٹر بہادر	
۳	احکام صاحب میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر	
۴	نقشہ نرخ غلہ اجناس	۳

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

منظوری الاؤنس

۳ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

حسب صراحت عرضداشت سید شریف حسین پسر کپتان امتیاز حسین ڈاکٹر کا مبلغ پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس بجٹ میونسپلٹی سے دیا جانا منظور رہے۔ کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — جناب عالی — پیر ساند

سید شریف حسین پسر کپتان سید امتیاز حسین ملٹری ڈاکٹر کا تقرر بمشاہرہ مبلغ ماہوار ہیلتھ ڈپارٹمنٹ میونسپلٹی میں ہوا ہے اور نامبردہ لکھنؤ کام سیکھنے بھیجا گیا ہے۔ مبلغ ایک سو روپیہ مصارف کیواسطے بھی دئے گئے ہیں۔ وہاں کے مصارف پورے نہ ہونے کے باعث سید شریف حسین کی درخواستیں آئی ہیں۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر لکھتے ہیں کہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے سید شریف حسین کو چالیس روپیہ وظیفہ دئے جانیکا ارشاد فرمایا ہے۔ چونکہ صرف تنخواہ میونسپلٹی سے ملتی ہے۔ پندرہ روپیہ بطور الاؤنس میونسپلٹی سے دلانا چاہتے ہیں۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ یہ تنخواہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری ضابطہ بابتہ عطائے الاؤنس سید شریف حسین شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب
آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

عرضی

تر تنخواہ۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی بنشاء حسب حکم کارروائی فرمائی جائے۔ ایک سو تیس روپیہ کی مجرائی کے متعلق جداگانہ کارروائی فرمائی جائے ۴ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۳ جنوری ۱۹۳۱ء

مثبتہ رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت یوم کپتان ذاکر حسین ایل ایم ایس۔ پوچشادی برادر در لکھنؤ۔

حکم

حسب صراحت عرضداشت کپتان ذاکر حسین ایل ایم ایس کی دس یوم کی رخصت منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جناب صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی بنشاء حکم کارروائی فرمائی جائے۔ ۳ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حسب صراحت عرضداشت دفعات (۵۷) و (۵۸) دستور العمل پر عمل کیا جائے البتہ طلبہ کی رخصتوں کا بدستور انتظام رہیگا۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — جناب عالی — میرساند

بنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم مصدرہ ۱۸ نومبر ۱۹۳۰ء صاحب ہوم منسٹر بہادر نے لکھا ہے کہ اب دو روز کی رخصت کے اختیارات افسران صیغہ کو بلا لحاظ تنخواہ عطا فرمائے گئے ہیں۔ ایسی صورت میں دفعات (۵۷) و (۵۸) دستور العمل قابل عمل نہیں رہیں۔ البتہ طلبہ کی رخصت کے اختیارات بدستور رہیں ترقیتخواہ کو بھی صاحب موصوف کی رائے سے اتفاق ہے۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور پیش ہیں۔ آئندہ جو رائے ہو۔ واجب التعمیل ہے۔ زیادہ حد ادب آفتاب دولت و اقبال تابان باد۔ عرضی

ترقیتخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

بنشاء حسب حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

تبادلہ

۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

مثبتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ درخواست عبد الکریم ملازم صیغہ باغات متعلقہ انجنیر صاحب روشنی برقی۔ باشند عارضی ۔۔ الاؤنس بسلسلہ خدمت سینما۔

حکم

عبد الکریم صیغہ باغات میں ملازم ہے ماہوار کا ملازم ہے صیغہ بجلی گھر سے سینما کی خدمت کے متعلق دس روپیہ ماہانہ اور دئے جانے کی استدعا ہے۔ لہذا عبد الکریم کو بشاہرہ ستر روپیہ ماہانہ بجلی گھر میں باغات سے منتقل کیا جاتا ہے۔ صیغہ باغات میں بجائے اس کے کوئی دوسرا آدمی رکھ لیا جائے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

مثبتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ درخواست ابداللہ جمعدار شاگرد پیشہ مستدعی عطائے تنخواہ سابقہ پینتالیس روپیہ بجائے تنخواہ موجودہ مقررہ تیس روپیہ

حکم

ابداللہ جمعدار شاگرد پیشہ کی تنخواہ پینتالیس روپیہ ماہانہ مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بمنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تنخواہ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء کی برآوردین تاریخ امروزہ تک بندولت واقبال کے حضور میں پیش ہوئے ہیں۔ یہ عمل ناپسندیدہ ہے کہ ملازمان کو اس قدر تاخیر سے تنخواہ ملے۔ آیندہ کے لئے حکم دیا جاتا ہے کہ ہر ماہ کی ۹ تاریخ تک تنخواہوں کی برآوردیں طے ہو جایا کریں۔ کسی صیغہ سے برآوردوں میں تاخیر نہ کیجائے۔ ۹ تاریخ کے بعد کوئی برآورد پیش ہونے پر بدولت واقبال دستخط نہیں فرمائیں گے۔ اور منسٹر صاحبان بہادر سے جواب طلب کیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل مصرحہ بالا واجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب صراحت عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بموجب استدعا صاحب ہوم منسٹر بہادر محمد فیاض علیخان کو عدالت بنچ آنریری مجسٹریٹان میں آنریری مجسٹریٹ درجہ سوم مقرر کیا جانا منظور ہے۔ محمد فیاض علیخان کو درجہ سوم مجسٹریٹی کے اختیارات عطا کئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل واجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب منشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو

۱۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ بہ اتفاق آراء صاحب چیف منسٹر بہادر وصاحب فائیننس منسٹر بہادر منظور کیا جاتا ہے۔ کہ جملہ صیغہ جات سے تنخواہوں کی برآوردین جس ماہ کی ہوں اوسی ماہ کی ۱۵ تاریخ تک مرتب ہو کر دفتر اکاونٹنٹ جنرل میں جانچ کے لئے پہونچ جایا کریں۔ اس صورت میں آٹھویں دسویں تاریخ سے صیغہ جات متعلق میں تیاری برآوردوں کی شروع ہوگی۔ لہذا ابتدائی ہفتہ مہینہ کے جو احکام تقرر وتنزل وموقوفی وبحالی وغیرہ اوس ماہ کے ہوں انکا عمل اوس ماہ کی برآوردیں کر دیا جائے۔ اور اوس ماہ کے بعد ہفتوں کا عمل دوسرے ماہ کی برآوردوں میں کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع عرضداشت متعلقہ برائے تعمیل مصرحہ بالا واجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل اس روبکار کی مع نقل عرضداشت درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۸ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

در بارہ منظوری رخصت سات یوم مسٹر معین الدین صاحب انصاری جج ہائی کورٹ واجازت ۹ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء یوم جمعہ۔

حکم

بموجب رپورٹ سات یوم کی رخصت منظور ہے اور ایک یوم ۹ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء تعطیل جمعہ کی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی منشاء حکم کارروائی فرمائی جائے۔

۸ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۱ر جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اکثر ملاحظہ ہوتا ہے کہ صیغہ جات سے حسابات تاخیر سے تیار ہوتے ہیں۔ یہ عمل تیاری حسابات کا صحیح نہیں ہے۔ آیندہ سے ہر صیغہ اسکی پابندی کرے کہ جب کسی کام میں صرف ہو۔ اور وہ کام ختم ہوجائے تو جو مصارف اوس کام میں ہوے ہیں اوسکا حساب مرتب کرکے فوراً برائے کارروائی مجرائی روانہ کیا جائے۔ حسابات کی ترتیب کے متعلق صاحب فائنینس منسٹر بہادر کا یہ خیال کہ رقم پیشگی کے منجملہ جب صحیح فیصدی صیغہ متعلقہ صرف کرچکے اُسوقت حساب بنایا جائے صحیح نہیں ہے۔ اس عمل کر ہر صیغہ میں بکثرت حسابات رکجاینگے۔ اور آخر میں ایکدم حسابات کا ہجوم ہوجائیگا۔ بلکہ حسابات کی تیاری کے متعلق ہر صیغہ سے ایسی پابندی کیجائے کہ جب مصارف ہوچکیں اوس کا حساب مرتب کرکے فوراً روانہ کیا جائے تاکہ جانچ آڈٹ وغیرہ میں سہولت ہو۔ اور آخر میں حسابات کا انبار نہ ہوجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل معروضہ بالا واجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۱۲ر جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
رخصت

۱۴ر جنوری ۱۹۳۱ء

حسب صراحت عرضداشت حبیب الرحمن سادہ کار کی رخصت ایک ماہ بوجہ علالت برائے روانگی دہلی منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — جناب عالی — میرسانید

حبیب الرحمن سادہ کار ملازم اہل صائغ توشہ خانہ مشاہرہ دار مبلغ ماہوار کے ہاتھ میں کالا دانہ نکل آیا ہے جس سے ہاتھ اور انگلیاں ورم کر آئی ہیں۔ اپنے وطن دہلی میں علاج کرانیکی غرض سے ایک ماہ کی رخصت ۱۵ر جنوری سے چاہتا ہے ایام رخصت میں اگر کوئی سرکاری کام ہوگا اوسکو اپنے لڑکے سے دہلی میں کام کرا دیگا۔ کاغذات سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی نے برائے صدور حکم رخصت بھیجے ہیں۔ جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ حکم منظوری رخصت شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

عرضی

ترقیخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۲ر جنوری ۱۹۳۱ء

جناب صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر انچارج سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی کی خدمت میں مرسل ہو۔ بمنشائے حکم کارروائی فرمائی جائے۔ ۱۴ر جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۵ر جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

میرمنشیان و نائب میرمنشیان اجلاس ہمایوں اور سررشتہ دار صدر و اسسٹنٹ سررشتہ دار صدر وغیرہ کے جو حقوق سرپیچ دوپٹہ وغیرہ کے مقرر ہیں اون میں منشی اصغر علیخان نائب میرمنشی اجلاس ہمایوں کا بھی نام شامل کرلیا جائے اور بحیثیت رسدی مثل دیگر نائب میرمنشی کے یہ حق انکو بھی آیندہ سے ملا کرے۔ کاغذ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۱۵ر جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲ [illegible] جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ہو سکتے ہے [illegible]

[illegible] عملدرآمد [illegible] باہر کے لوگوں [illegible]

[illegible] نہیں ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو [illegible]

[illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں اور [illegible] جنوری [illegible]

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۴ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مشتاق حسین گویے کی موجودہ تنخواہ [illegible]

و مشتاق حسین گویے کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

نوٹ

حال ہی میں جو مولوی مشتاق حسین گویے کے متعلق [illegible] روبکار جاری کی ہے کہ ہم نے اس کے اضافہ کے واسطے حکم دیا ہے کہ دس روپیہ اضافہ کیا جائے اب وہ رپورٹ منسوخ ہوا اور یہ حکم مانا جائے

بمطابق حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۴ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۲ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب [illegible] تفضل حسین [illegible] ماہوار مینڈ ماسٹری ٹریننگ اسکول پر منظور ہے۔ صاحب چیف منسٹر بہادر نادر حسن کا تقرر [illegible] روپیہ ماہوار اسسٹنٹ ماسٹری پر خود منظور کر چکے ہیں کاغذات [illegible] اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

معروضہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ملاحظہ	جناب عالی	معروض

وہی ٹریننگ اسکول کے واسطے تجویز ذیل کی منظوری اجلاس ہمایوں سے چاہی [illegible] ماسٹر [illegible] واقفیت [illegible] کا انتخاب کیا ہے۔

(۱) [illegible] صاحب [illegible] ہیڈ ماسٹر پولیس ٹریننگ اسکول مراد آباد میں [illegible] تجربہ کار ہیں۔ [illegible] پولیس سے [illegible] روپیہ ماہوار۔

(۲) [illegible] اسسٹنٹ ماسٹر [illegible] منظوری [illegible] تجویز ہیں [illegible] نفاذ پائے [illegible] حضور [illegible] زیادہ [illegible]

آفتاب دولت و اقبال تابان باد۔

عرضی

ترقیم [illegible] دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ [illegible] جنوری ۱۹۳۱ء

بمطابق حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۰ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۴ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نئے جمعدار خدمتی کا تبادلہ توشہ خانہ ہو گیا ہے بجائے نامبردہ مسمی ارشاد اللہ

ولد عنایت اللہ ژشیں علی گہر کا تقرر بشاہرہ بیس روپیہ ماہانہ جمعداری پر منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

بمنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۲۷ ماہ جولائی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۴ ماہ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت ایک ہفتہ مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض　　جناب عالی　　میر سامانہ

صاحبزادہ سید اخلاق حسن خان بہادر برائے روانگی بریلی بغرض بٹائی دیہات ایک ہفتہ کی رخصت کے خواستگار ہیں کاغذات آمدہ کونسل خاندان ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں تجویز کونسل یہ ہے بحکم منظوری رخصت ایک ہفتہ شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب آفتاب دولت و اقبال تابان باد

عرضے

از تجویز و دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۲ جنوری ۱۹۳۱ء

جناب ممبر صاحبان کونسل خاندان کی خدمت میں مرسل ہو۔ بمنشاء حکم کارروائی فرمائی جائے ۱۴ ماہ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر
واقع ۱۵ ماہ جنوری ۱۹۳۱ء

اجلاس ہمایوں سے ۲۰ ماہ جون ۱۹۳۰ء کو روبکار جاری ہو چکا ہے کہ مردم شماری کے متعلق جملہ عہدہ داران صیغہ مال و میونسپلٹی وغیرہ صاحب چیف سنسس افسر سے براہ راست ہدایات حاصل کریں اور انکے احکام کی تعمیل کریں لیکن صاحب چیف سنسس افسر (صاحب ہوم منسٹر بہادر) کی تحریر سے معلوم ہوا کہ تحصیلات جو ڈسٹلی فائنس اور صیغہ جات ذات خاص کے چار پروانہ اہلکاران متعلق نے افسران صیغہ کی وساطت سے نہ بھیجے جانے کی بنا پر لینے سے انکار کر دیا چونکہ روبکار اجلاس ہمایون میں جملہ عہدیداران کو براہ راست صاحب چیف سنسس افسر سے ہدایات حاصل کرنے اور ان کے احکام کی تعمیل کرنے کو حکم ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار مع اصل رپورٹ صیغہ مردم شماری صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر و صاحب فائنس منسٹر بہادر و صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر اعلیٰحضرت کی خدمت میں مرسل ہو کر تصدیع دیا جائے کہ براہ مہربانی اہلکاران متعلق کو ہدایت فرما دیجائے کہ وہ عدم وساطت افسران کا عذر کر کے صاحب چیف سنسس افسر کے احکام کو واپس نہ کریں بلکہ براہ راست صاحب موصوف سے ہدایات اور احکام حاصل کر کے اسکی تعمیل کریں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر
واقع ۱۶ جنوری ۱۹۳۱ء

برآوردہائے تنخواہ کی بابت اجلاس ہمایون بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سے حکم صادر ہوا ہے کہ ۵ تاریخ ہر مہینہ کی برآورد اجلاس ہذا میں پہونچ جایا کرے جس کے جداگانہ احکام بھی جاری ہو رہے ہیں چونکہ ماہ جنوری کی ۵ تاریخ گذر چکی ہے لہذا برآورد جنوری کے متعلق تحصیلداران کو لکھا جائے کہ جملہ برآوردہائے جو تحصیل میں مرتب کی جاتی ہیں حکم ہذا پہونچنے پر اُس کے دوسرے روز یا اگر کسی تحصیل میں بوجہ کسی خاص سبب کے یہ ممکن نہو تو تیسرے روز ضرور یعنی ۱۹ جنوری کو جملہ برآوردیں تحصیلدار صاحبان خاص چپراسی کے ہاتھ ہائے اجلاس ہذا میں بھیجدیں تحصیلدار صاحبان کو اس تعمیل کا خاص طور پر ذمہ دار کیا جاتا ہے اور بحالت عدم تعمیل سختی سے باز پرس کی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

نقول روبکار ہذا آج ہی سررشتہ دار صاحب صدر بلالحاظ تعطیل جملہ تحصیلات کو بھیجدیں لفافہ جات کو ایسے وقت سے بھیجیں کہ ۴ بجے شام کو جو ڈاک تحصیلات بند ہوتی ہے اُس سے قبل ڈاکخانے پہونچ جائیں اور ٹانڈہ کی ڈاک چونکہ تیسرے روز پہونچتی ہے لہذا وہاں کو خاص چپراسی کے ہاتھ بھیجا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

آرمی آرڈرز پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

واقع ۲۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۲۰ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء بدین خلاصہ کہ مسمی عبدالحفیظ خان ولد غلام حضرت خان ساکن رامپور تخفیف شدہ ٹرسپر تقریرات کو صاحب آرمی منسٹر بہادر نے باتفاق رجمنٹل کمیٹی بزمرہ سپاہیان فرسٹ رامپور انفنٹری جدید ملازم رکھنا تجویز کیا ہے نامبردہ کے چال وچلن کی بھی تصدیق کرائی گئی اور ڈاکٹری سے بھی فٹ ہے۔ ملاحظہ ہوئی لہذا مسمی عبدالحفیظ خان ٹرسپر تخفیف شدہ کا تقرر بزمرہ سپاہیان فرسٹ رامپور انفنٹری یکم جنوری سنہ ۱۹۳۱ء سے منظور ہو آرمی آرڈر جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

واقع ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء بدین خلاصہ کہ تحریر بریگیڈ میجر صاحب مرسلہ صاحب آرمی منسٹر بہادر مشعر روانگی پٹنہ بتاریخ ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء و واپسی بتاریخ ۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء ملاحظہ ہوئی لہذا پانچ روز کی رخصت من ابتدائے ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایۃ ۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء بموجب رپورٹ منظور ہے۔ آرمی آرڈر جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بحالی عہدہ

یکم جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء بدین خلاصہ مضمون کہ بحکم ہمایون وزیر احمد خانصاحب صوبہ دار فرسٹ رامپور انفنٹری کا عہدہ صوبہ داری دو ماہ کیواسطے شکست فرمایا گیا تھا جسکی میعاد منقضی ہوگئی اور صاحب آرمی منسٹر بہادر نے ۱۴ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے انکو بر عہدہ صوبہ داری بحال ہونیکی تحریک کی ہے ملاحظہ ہوئی۔ لہذا حسب صراحت عرضداشت وزیر احمد خان کو صوبہ داری پر ۲۰ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے بحال کیاجانا منظور ہے۔ آرمی آرڈر جاری ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

تبادل اسم

واقع ۵ر نومبر سنہ ۱۹۳۰ء

مصدرہ کاغذات تحریر سررشتہ ہذا دربارہ منظوری تبادل ٹھیکہ پان خاصہ اول فیصدی مبلغ ایک روپیہ تین آنہ و پان خاصہ دوم فیصدی ساڑھے سات آنہ و پان تفرقی فیصدی پانچ آنہ من ابتدا یکم نومبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایۃ اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء از اسم پیارے لال درخیکی منظوری اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم سے ۲۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء کو بنام نامبردہ ہوئی تھی بنام چھیمی داس جو ٹھیکہ دار سال گذشتہ ہے بوجہ بندگی کام حسب استدعا خانساماں منظور رہی۔

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر تبادل اسم کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب موصوف کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

ٹھیکہ

واقع ۳ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

مصدرہ کاغذات تحریر سررشتہ ہذا دربارہ منظوری ٹھیکہ کیوڑہ:

بہ نرخ فی سیر چودہ آنہ چھ پائی بنا بر مصارف بادرچیخانہ ہندوستانی عام بنام سید محمد علی وسید اکبر علی من ابتدا اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایۃ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر ٹھیکہ کیوڑہ بہ نرخ چودہ آنہ چھ پائی بنام سید محمد علی وسید اکبر علی منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی صاحب موصوف کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

ٹھیکہ

واقع ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

مصدرہ کاغذات تحریر سررشتہ ہذا دربارہ منظوری ٹھیکہ لیموں کاغذی بحساب فیصدی عدد ۳۲ پنجہ بتعیین مبلغ چار روپیہ گیارہ آنہ بنا بر مصارف بادرچیخانجات عام بنام نظیر احمد من ابتدا اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایۃ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر ٹھیکہ لیموں کاغذی مصارف بادرچیخانجات عام بحساب فیصدی عدد ۳۲ پنجہ بنام نظیر احمد برائے یک سال اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایۃ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء منظور ہے کاغذات صاحب موصوف کی خدمت میں مرسل ہوں۔

[illegible]

حکم اجلاس جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

اضافہ

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مصدورہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر مہدوقہ صاحب ہوم منسٹر بہادر درباره اضافہ تنخواه حامد علی خان سینیٹری انسپکٹر متعینہ ناصر باغ پبلیس مشاہرہ ذاتی سے روپیہ از بچت تنخواه رام دیال کمپونڈر برخاست شد باظہار عمدگی کام حامد علیخان مذکور مع تحریر صاحب فنانشل منسٹر بہادر متعلق استحقاق اضافہ۔

حکم ہوا کہ

حسب سفارش جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر منشی حامد علیخان سینیٹری انسپکٹر ناصر باغ کی موجودہ تنخواه میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

تقرر

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ تحریر صاحب سردار بہادر ڈیوڑھی درباره منظوری تقرر ریاض الدین ساده کار بمشاہرہ نو روپیہ ماہوار بجائے نور احمد برخاست شده۔

حکم

حسب تحریر جناب سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی ریاض الدین ساده کا تقرر بمشاہرہ نو روپیہ ماہوار بجائے نور احمد برخاست شده کے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ عرضی محمد فاروق بیگ ہیڈ کانسٹبل متعینہ تھانہ ملک مصدقہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بدرخواست صدور حکم شمول ملازمت سابقہ ایام برخاستگی با ملازمت حال۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

شمول ملازمت سابقہ کی منظوری دی جاتی ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں بعد اجرائے احکام کاغذات پولیس کو واپس ہوں ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

شیکہ

واقع ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مصدورہ کاغذات مثبتہ پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباره منظوری ٹھیکہ لیمون کاغذی بشرح فیصدی ۳۲ پنجم جمع مبلغ چار روپیہ گیارہ آنہ سن ابتدا اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایتہ ستمبر سنہ ۱۹۳۱ء بابت مصارف باورچی خانجات خاص بنام نظیر احمد

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر ٹھیکہ لیمون کاغذی مصارف باورچی خانہ بشرح فیصدی ۳۲ پنجم چار روپیہ گیاره آنہ بنام نظیر احمد برائے یکسال منظور ہے کاغذات بغرض کارروائی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کیجائیں سلیون کیپ پیلی

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

منتقلی تنخواه ملازمان

واقع ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

بمنشائے حکم بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم حسب تحریر سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی ملازمان مفصلہ ذیل۔

۱۔ مہدی حسن خانساماں۔	ولد عبد الحمید۔	[illegible]
۲۔ عزیز کمہار	ولد حسین بخش۔	[illegible]
۳۔ حاجی	ولد طوا	[illegible]
۴۔ ببا	ولد ننھے	[illegible]

جو باورچیخانہ میں کام کر رہے ہیں انکی تنخواہیں صیغہ مینر سے صیغہ باورچی خانہ میں منتقل کی جائیں۔ اور انعام اللہ خان ولد عظیم اللہ خان بیرا کی تنخواه تیس روپیہ صیغہ ڈیوڑھیات میں منتقل کی جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

واقع ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مظفر حسین خان نقلنویس ساده فوجداری ایک ماہ کی رخصت پر تھا جو ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء کو منقضی ہوگئی اب نامبرده بوجہ ضروریات ذاتی ملازمت کرنا نہیں چاہتا ہے۔ لہذا نامبرده کا نام شمار ملازمت سے خارج کیا جائے۔ اور جواد حسین اپرنٹس بجائے نقلنویس مذکور بمشاہرہ پندرہ روپیہ مقرر کیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ اخراج نام و تقرری صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

منتقلی تنخواہ

۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ تحریر سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی در بارہ منظوری منتقل کئے جانے تنخواہ آٹھ اسم خاکروبہ تعدادی عہ ماہوار صیغہ شاگرد پیشہ سے صیغہ ڈیوڑھیات میں۔

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری باتفاق رائے سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی آٹھ اسم خاکروبہ کی تنخواہ تعدادی عہ ماہوار صیغہ شاگرد پیشہ سے صیغہ ڈیوڑھیات میں منتقل کیا جانا منظور ہے۔ یکم جنوری سنہ ۱۹۳۱ء سے برآوردوں میں عمل کیا جائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اسمائے خاکروبہ ہا

مسماۃ ہیروی - مسماۃ عدیا - مسماۃ وفاری - مسماۃ انو - مسماۃ ہنی - مسماۃ کلیا

عہ ماہوار عہ عہ عہ عہ عہ

مسماۃ واخدی - مسماۃ تمی

عہ عہ

[illegible]

اخراج اسم

۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری اخراج نام شوکت علیخان موٹر ڈرائیور از برآورد بوجہ ہونے تبادلہ موٹر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مسمی شوکت علیخان موٹر ڈرائیور کا اخراج اسم منظور ہے۔ ماہ دسمبر کی تنخواہ واپس بحق سرکاری کر دی جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تبادل

۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ رپورٹ محافظ دفتر صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب در بارہ تبادلہ عبدالرؤف خان اہلمد خزانہ محافظ خانہ صدر سررشتہ دار صاحب و کسب علیخان اہلمد خاندان محافظ خانہ صدر سررشتہ دار بابت [illegible] بوجہ عدم اطمینان محافظ دفتر صدر و تبدیلی عبدالرشید محرر انگ صدر سررشتہ دار صاحب بجائے عبدالرؤف خان مذکور و تبادلہ سید کسب علی معاون اہلمد صدر در عام سررشتہ دار صاحب بجائے محبوب علیخان محرر

حکم

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر اہلکاران مندرجہ رپورٹ کا تبادلہ باہمی اپنی اپنی تنخواہوں پر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

گڈ کانڈکٹ

۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ رپورٹ صوبہ دار جیل کمیٹی در بارہ منظوری اضافہ گڈ کانڈکٹ درجہ اول از تاریخ ۱۵ر نومبر سنہ ۱۹۳۰ء و سید محبت شاہ ولد سید حضرت شاہ سپاہی جیل کمیٹی۔

حکم

سید محبت شاہ ولد سید حضرت شاہ سپاہی جیل کمیٹی کا اضافہ گڈ کانڈکٹ درجہ اول ۱۵ر نومبر سنہ ۱۹۳۰ء سے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل منسٹر بہادر

رخصت

۹ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

مثبتہ رپورٹ مہتمم صاحب [illegible] در بارہ منظوری رخصت مزید ایک ماہ [illegible] خان [illegible] واحد علیخان [illegible] ۹ر جنوری لغایت ۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء بوجہ علالت۔

حکم

رخصت مزید مطلوبہ سائل بلا تنخواہ واحد علیخان ۹ر جنوری سے منظور ہے۔ ۱۰ر جنوری تک واحد علیخان عوض رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنینشل منسٹر بہادر

بریگیڈ آرڈرز اجلاس صاحب میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

گڈ کانڈکٹ

واقع ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بنظر استحقاق بوجہ گذر جانے میعاد مقررہ سوار نمبر ۱۴۲۵ عبد الحمید خان ولد عبد الوہاب خان رامپور لانسرز تریپ کو گڈ کانڈکٹ درجہ دویم ۳ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے بموجب جانچ نقشہ معروضہ ۱۳ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

گڈ کانڈکٹ

واقع ۲۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بنظر استحقاق بوجہ گذر جانے میعاد مقررہ سوار نمبر ۱۳۹۹ محمد علیخان ولد قاسم علیخان رامپور لانسرز تریپ کو گڈ کانڈکٹ درجہ سوم ۲۱ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے بموجب جانچ نقشہ معروضہ ۲۴ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

اخراج اسم

واقع ۲۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بلاحظہ رپورٹ صوبہ دار کمپنی صدقہ میجر کمانڈنگ افسر صاحب پلٹن گارڈز معروضہ ۲۶ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ سپاہی نمبر ۲۶۳ صفدر خان ولد حبیب اللہ خان کمپنی نمبر ۱ ۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے بلا اطلاع یونٹ سے غیر حاضر ہے جسکو میعاد مقررہ پندرہ یوم گذر گئے ہنوز حاضر نہیں آیا لہذا بتقصیر غیر حاضری ۹ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے نام ملازمت سے خارج کیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

گڈ کانڈکٹ

واقع ۱۰ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

بنظر استحقاق بوجہ گذر جانے میعاد مقررہ سپاہی نمبر ۶۷۵ عبد القدیر خان ولد حمید خان پلٹن گارڈز کمپنی نمبر ۲ کو گڈ کانڈکٹ درجہ دویم ۱۳ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے بموجب جانچ نقشہ معروضہ ۱۴ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط میجر جنرل آرمی منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

بحالی

واقع ۱۲ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

مثل رپورٹ جیلر صاحب دربارہ منظوری بحالی حسن رضا خان سپاہی جیل کمپنی صدقہ صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل۔

حکم

حسن رضا خان سپاہی جیل کمپنی کو عہدہ پیشی اور اضافہ گڈ کانڈکٹ شکستہ شدہ ۲۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء سے بحال کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

واقع ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

مثل رپورٹ افسر صاحب شاگرد پیشہ صدقہ کنٹرولر صاحب ہاؤسہولڈ دربارہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم من ابتدا ۲۴ر دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایت ۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء سید اصغر علی چوبدار بوجہ [illegible] جانے داہنا ہاتھ ان

مسل پیش ہے۔

حکم

رخصت پندرہ یوم حسب سارٹیفکٹ ڈاکٹری منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقشہ اجناس ریاست بابت پہلی ماہ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	-	[illegible]	[illegible]		[illegible]	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نخود گندم آمیز	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
جو	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
مونگ	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
مکا	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		-	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		-	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		-	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		-	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		-	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن زرد	[illegible]		[illegible]	-		[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نمک سانبھر	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نمک لاہوری	[illegible]		[illegible]	-		[illegible]	
قند سیاہ	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]		[illegible]	

نقشہ اجناس ریاست [illegible] ۲۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایت ۳ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
نخود خالص	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
نخود گندم آمیز	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
جو	[illegible]		[illegible]		-		
[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
مونگ	[illegible]		[illegible]		-		
مکا	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
[illegible]	[illegible]		-		-		
[illegible]			-		-		
[illegible]	[illegible]		-		[illegible]		
[illegible]	[illegible]		-		-		
[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
روغن زرد	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]		
نمک سانبھر	[illegible]		-		-		
نمک لاہوری	[illegible]		[illegible]		-		
قند سیاہ	[illegible]		[illegible]				